صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 13 جنوری 2011ء بمطابق 8 صفر 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللہ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلَقَدۡ رَءَاہُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِینِO وَمَا ھُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ بِضَنِینٍ O وَمَا ھُوَ بِقَوۡلِ شَیۡطٰنٍ رَّجِیمٍO فَاَیۡنَ تَذۡھَبُونَO اِنۡ ھُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِینَO لِمَن شَآءَ مِنکُمۡ اَن یَسۡتَقِیمَO وَمَا تَشَآءُونَ اِلَّآ اَن یَشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِینَ۔

(ترجمہ): انہوں نے اس فرشتہ کو (اصلی صورت میں آسمان کے) صاف کنارہ پر بھی دیکھا ہے۔ اور یہ پیغمبر مخفی (بتلائی ہوئی وحی کی) باتوں پر بخل کرنے والے بھی نہیں۔ اور یہ قرآن کسی شیطان مردود کی کہی ہوئی بات نہیں ہے۔ (جب یہ بات ثابت ہے) تو تم لوگ (اس بارے میں) کدھر کو چلے جا رہے ہو۔ بس یہ تو (بالعموم) دنیا جہان والوں کیلئے ایک نصیحت نامہ ہے۔ (اور بالخصوص) ایسے شخص کیلئے جو تم میں سے سیدھا چلنا چاہے۔ اور تم بدون خدائے رب العالمین کے چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے۔ و آخرُ الدّعوٰنا اَنِ **الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔**

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: 'Questions' Hour': Fazlullah Khan, not present. Noor Sahar Bibi, not present. Israrullah Khan Gandapur Sahib, Question number?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: 816۔

جناب سپیکر: 816، جی۔

* 816 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کریش پروگرام کے تحت خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں کروڑوں روپے کی سکیمیں جاری ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کے تحت کل کتنی مجوزہ سکیمیں محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں اور ان میں سے کتنی سکیموں پر کام جاری ہے، نیز جاری شدہ سکیموں کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ کریش پروگرام کا ذکر 09-2008 اور 10-2009 کے اے ڈی پی میں نہیں ہے؛

(د) اگر (ج) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کی منظوری کس فورم سے لی گئی، آیا اس طرز کی منظوری کی ماضی کے ادوار میں کوئی مثال ہے، تفصیل بتائی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) مندرجہ ذیل اضلاع میں کریش پروگرام کے تحت مختلف سکیمیں منظور ہوئی تھیں جن میں سے کچھ سکیمیں مکمل ہیں جبکہ کچھ سکیموں پر کام جاری ہے، جن کی تفصیل بھی درج ذیل ہے:

(1) مانسہرہ (2) ایبٹ آباد (3) ملاکنڈ (4) مردان (5) کوہاٹ (6) پشاور (7) چارسدہ۔

ضلع مانسہرہ: مانسہرہ میں درج ذیل دو عدد سکیمیں 09-2008 میں شروع ہوئیں جو کہ مکمل ہو چکی ہیں:

(i) 'Rehabilitation of Suspension Bridge Shohal Mazulah' تباہ شدہ فلڈ 2008، تحصیل بالاکوٹ، ضلع مانسہرہ، یہ سکیم مکمل ہو چکی ہے۔

کام شروع ہونے کی تاریخ	03-03-2009
کام مکمل ہونے کی تاریخ	02-06-2009
مختص شدہ رقم	4.280 (M)

(ii) 'Repair and rehabilitation of Sufeda Road, two Kilometer'

کام شروع ہونے کی تاریخ	22-07-2009
کام مکمل ہونے کی تاریخ	10-06-2010
مختص شدہ رقم	12.464 (M)

<u>ضلع ایبٹ آباد:</u> ایبٹ آباد میں کریش پروگرام کے تحت 2 سکیمیں منظور ہوئیں۔ ایک سکیم جس کا تخمینہ لاگت 7.900 ملین ہے، مکمل ہو چکی ہے۔ دوسری سکیم جس کا تخمینہ لاگت 4.91 ملین روپے ہیں، اس پر کام جاری ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

تخمینہ لاگت	4.891 ملین
خرچہ	2009-10 نہیں
موجودہ رواں مالی سال خرچہ	2010-11 نہیں
فزیکل پراگریس	50%
ریمارکس	کام جاری ہے جبکہ اس کے فنڈز موصول نہیں ہوئے۔

<u>ملاکنڈ ایجنسی:</u> ملاکنڈ میں درجہ ذیل 3 عدد سکیمیں کریش پروگرام کے تحت شروع ہوئی تھیں جو کہ مکمل ہو چکی ہیں:

(i) مرمت اور دوبارہ بحالی تھانہ آلہ ڈھنڈر روڈ ڈسٹرکٹ ملاکنڈ 8 کلومیٹر

(ii) مرمت دوبارہ بحالی طوطاکان میخ بندر روڈ (8 کلومیٹر)

(iii) مرمت اور دوبارہ بحالی غونڈوں روڈ (4 کلومیٹر)

<u>ضلع مردان:</u> مردان میں درجہ ذیل 12 عدد سکیمیں کریش پروگرام کے تحت شروع ہوئی تھیں جو کہ مکمل ہو چکی ہیں:

(i) مل بائی پاس روڈ مردان کی دوبارہ بحالی 6.65 کلو میٹر تخمینہ لاگت 139.158 ملین روپے۔

(ii) تخت بھائی رجڑ روڈ ضلع مردان کی دوبارہ بحالی اور بلیک ٹاپنگ 7.50 کلو میٹر تخمینہ لاگت 78.956 ملین روپے۔

(iii) کالج چوک سے عدل چوک تک سڑک کی دوبارہ بحالی اور بلیک ٹاپنگ 0.550 کلو میٹر تخمینہ لاگت 25.826 ملین روپے۔

(iv) تخت بھائی سے عزیز آباد جانے والی سڑک کی توسیع و تعمیر منسلکہ لوئر سوات کنال تاخادی خیل و شاخ نمبر 6 وٹکر 10 کلو میٹر، تخمینہ لاگت 191.400 ملین روپے۔

(v) سرکٹ ہاؤس سے فضل حق کالج تک سڑک کی دوبارہ بحالی اور بلیک ٹاپنگ 3 کلو میٹر تخمینہ لاگت 58.500 ملین روپے۔

(vi) بغدادہ چوک سے گجر گڑھی چوک تک این سی سی سڑک کی دوبارہ بحالی اور بلیک ٹاپنگ 2.60 کلو میٹر تخمینہ لاگت 35.426 ملین روپے۔

(vii) اڈہ چوک سے چارسدہ چوک، مردان تک بحالی اور بلیک ٹاپنگ 2.70 کلو میٹر تخمینہ لاگت 35.426 ملین روپے۔

(vii) شیر گڑھ سے ہاتھیاں تک سڑک کی بحالی اور بلیک ٹاپنگ 2.70 کلو میٹر تخمینہ لاگت 35.426 ملین روپے۔

(ix) میر افضل خان چوک سے گولڈن سینما بذریعہ پیرانوں ڈاگ اور رستم خیل کی سڑک کی دوبارہ تعمیر 3.50 کلو میٹر تخمینہ لاگت 31.053 ملین روپے۔

(x) شیخ ملتون طورو سڑک این سی سی سڑک سے نویکلے برج سڑک کی Rehabilitation and Improvement، 5.30 کلو میٹر تخمینہ لاگت 74.132 ملین روپے۔

(xi) مانگہ سے بکیانہ تک بذریعہ مسلم آباد سڑک کی بحالی اور بلیک ٹاپنگ PF-23 مردان 1.10 کلو میٹر تخمینہ لاگت 7.915 ملین روپے۔

(xii) نستہ سڑک سے کورغ سڑک بذریعہ غریب آباد سڑک کی بحالی اور بلیک ٹاپنگ PF-23 مردان 1 کلو میٹر تخمینہ لاگت 6.811 ملین روپے۔

ضلع کوہاٹ: کوہاٹ میں درجہ ذیل ایک عدد سکیم کریش پروگرام کے تحت شروع ہوئی تھی جو کہ جون2010میں مکمل ہوچکی ہے:

(i) این ایچ اے سڑک سے خدر خیل گاؤں تک سڑک کی بحالی اور بلیک ٹاپنگ 6.50 کلومیٹر تخمینہ لاگت 21.948 ملین روپے۔

ضلع پشاور: پشاور میں درجہ ذیل ایک عدد سکیم کریش پروگرام کے تحت شروع ہوئی تھی جو کہ مکمل ہو چکی ہے

(i) بادشاہی سڑک Taking off from کنال وایہ مدرسہ محمدیہ PF-6 پشاور کی تعمیر، تخمینہ لاگت 5.579 ملین روپے۔

ضلع چارسدہ: چارسدہ میں درجہ ذیل 10 عدد سکیمیں کریش پروگرام کے تحت شروع ہوئی تھیں جو کہ مکمل ہوچکی ہیں:

(i) ترناب چینہ سڑک کی امپرومنٹ وتوسیع 9 کلومیٹر تخمینہ لاگت 49.374 ملین روپے۔

(ii) بہلولہ بازار سے تخت بھائی رجڑ بمعہ لنکس گل آباد سڑک کی امپرومنٹ وتوسیع 8.5 کلومیٹر، تخمینہ لاگت 55.520 ملین روپے۔

(iii) تخت بھائی رجڑ روڈ کی بحالی ودوبارہ تعمیر 15 کلومیٹر تخمینہ لاگت 17.944 ملین روپے۔

(iv) ناگمان چارسدہ سڑک تا پلاڈھیری اور شولگرہ میرہ خیل سڑک 5.50 کلومیٹر، تخمینہ لاگت 20.610 ملین روپے۔

(v) سپین پل سے شینکائی پل تک سڑک 1 کلومیٹر تخمینہ لاگت 4.234 ملین روپے۔

(vi) بوساخیل سے مرزاگان چارسدہ سڑک 0.50 کلومیٹر تخمینہ لاگت 2.505 ملین روپے۔

(vii) ڈیرانیانوکورونہ سے کولہ ڈھیر سڑک 1.50 کلومیٹر تخمینہ لاگت 6.142 ملین روپے۔

(viii) ہشارہ سڑک 2 کلومیٹر تخمینہ لاگت 10.500 ملین روپے۔

(ix) گل آباد نہر سے مانی کلے بذریعہ ڈاگ بنگلہ 3 کلومیٹر تخمینہ لاگت 9.045 ملین روپے۔

(x) جان خان کلے سڑک سے اکبرآباد کشمیرانوں کلے سڑک تک 1.50 کلومیٹر، تخمینہ لاگت 6.183 ملین روپے۔

(ج) جی ہاں، کریش پروگرام ڈیمانڈ نمبر 15 سے Meet up ہوتا ہے جو کہ اسمبلی سے Approve کیا گیا ہے۔

(د) مذکورہ پروگرامز DDWP/PDWP سے منظور کئے گئے ہیں، علاوہ ازیں کریش پروگرام کا سسٹم 1998 سے شروع کیا گیا، جس کے ذریعے صوبے کی اہم سڑکوں کی Rehabilitation کی جاتی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یس سر۔ سر، میں نے اس میں جو سوال کیا ہے، یہ کریش پروگرام کے متعلق ہے اور سر، جہاں تک میری معلومات ہیں، یہ پورے صوبے سے انہوں نے مانگے تھے کہ آپ روڈز Identify کر کے ہمیں دیں اور ابھی اس کو چند اضلاع تک محدود کر دیا گیا ہے جس کو میں سمجھتا ہوں کہ مرضی کی بندر بانٹ ہو رہی ہے۔ یہ Basically rehabilitation کا پروگرام تھا اور ابھی اس میں New developmental activities شروع ہیں تو سر، ایک تو آپ کا اے ڈی پی ہے جس میں دو سو کلو میٹر روڈ ہے، وزیر اعلیٰ صاحب نے مہربانی کی ہے اور دو دو کلو میٹر دیا ہے لیکن اگر آپ اس کی تفصیلات دیکھیں تو سر یہ تو Over and above ایک ایسی چیز جارہی ہے جس سے علیحدہ چند اضلاع مستفید ہو رہے ہیں اور باقی صوبے کا اللہ ہی حافظ ہے۔ سر، میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ تو میں نے بہت پہلے بھیجا تھا، آپ اگر دیکھیں تو 17 نومبر 2009 کو اور ابھی اس کا جواب آرہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ مہربانی کر کے اس کو کمیٹی کو ریفر کرا دیں تاکہ اس میں Identify ہو سکے اور اگر اس طریقے سے ایک چیز ہوتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے منسٹر صاحب کو تو سن لیں نا جی۔ جی آنریبل منسٹر ۔۔۔۔

حافظ اختر علی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی حافظ اختر علی صاحب۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ دوئ چه دا کوم تفصیل ورکړے دے، په دیکښے زما یو ضمنی سوال دے۔ د ضلع مردان کوم تفصیل ئے چه ورکړے دے او په دیکښے مختلف روډونه او د هغے Cost ئے ښودلے دے نو مل بائی پاس روډ جی شپږ کلومیټره روډ دے او د دے ئے 138 ملین لاګت ښودلے دے۔ بل طرف ته جی اووه کلو میټره دے او د هغے لاګت 78 ملین دے نو که منسټر صاحب مونږ ته لږ دا وضاحت اوکړی چه آیا دیکښے دا تفاوت ولے دے چه شپږ

کلو میټره او اووه کلو میټره او Cost د هغې دغه دے؟ دویم جی زما ضمنی سوال دا دے د منسټر صاحب نه چه په ضلع مردان کښے دا دوه حلقے، څنګه چه اسرارالله خان صاحب اووئیل، پی ایف 23 او پی ایف 27، حالانکه ضلع مردان کښے خو اته حلقے دی نو آیا په دے نورو کښے د بحالئ څه ضرورت نه وو، حالانکه بلا روډونه دغه شان د دے منتظر دی نو د دے څه بنیاد دے؟

ملک قاسم خان خټک: جناب والا!

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان صاحب، ستاسو څه دی؟

ملک قاسم خان خټک: سر، زما خو دا ریکویسټ دے چه ګورئ جی، زمونږ انفراسټر کچر بالکل تباه دے، روډونه برباد دی-----

جناب سپیکر: نه Repeat کوئ مه کنه یو کوئسچن، دا هغوی اوکړو، بل نوے سوال شته؟

ملک قاسم خان خټک: بس جی دغه ضلع کرک مونږ وایو چه پکښے دننه کړی۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: عطیف خان! ډیر شو، دا د دوه کوئسچنو نه زیات نه وی پکار Normally، تاسو څه وایئ جی؟

جناب عطیف الرحمان: ډیره مهربانی۔ تاسو دا ضلع پیښور اوګورئ جی، په ضلع پیښور کښے زما خیال دے چه صرف په پی ایف 6 کښے چه کوم سړک دوئ ورکړے دے او زما خیال دے زمونږ پیښور په یولسو حلقو باندے مشتمل دے، بل دا چه داسے ټول پیښور پکښے Ignore شوے دے نو پکار دا ده چه د دے مساوی تقسیم شوے وے چه هر سړی ته خپل حق ملاؤ شوے وے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسټر صاحب، پلیز۔

بیرسټر ارشد عبدالله (وزیر قانون): مهربانی جی۔ داسے ده چه دا کریش پروګرام چه کوم دے، دا د 1998 نه یو سسټم را روان دے نو دا څه نوے نه دے چه که څوک دا اووائی چه دا څه نوے شے دے یا دے ګورنمنټ Introduce کړے دے او خاص ضلعو له په دیکښے Benefit ورکول غواړی۔ دویمه خبره دا ده جی چه یره

دے آنریبل هاؤس دا As a demand No. 15 approve کړے دے، پاس کړے ئے دے او کیبنټ هم Approve کړے دے۔ بل دا چه کوم پراجیکټس دے ته راځی نو دا کوم پراونشل ډیویلپمنټ ورکنګ پارټی چه کوم Highest forum دے د ډیویلپمنټ، په هغے کښے د دے sifting دوئ کوی، داسے ډیر Proposals راځی، مطلب دا دے چه In hundreds راځی خو د هغے Sifting اوشی او د خپلے Criteria مطابق، د ډیمانډ مطابق دوئ Approval ورکوی۔ باقی دا ده چه که څوک دا وائی چه یره یو خاص ضلع ده نو زما خیال دے چه یو خاص ضلع نه ده بلکه مانسهره ده، ایبټ آباد دے، ملاکنډ دے، کوهاټ دے، پیښور دے، چارسده ده نو دا ده چه د دے نه مخکښے که کریش پروګرامز اوګورئ جی نو سدرن ډسټرکټس کښے شوی دی، ملاکنډ کښے شوی دی، په سوات کښے شوی دی، په مختلفو ضلعو کښے، په مختلف کالونو کښے، د 1998 نه واخله هغه کریش پروګرامز چه اوګورئ نو هره ضلع کښے بنۀ ټهیک ټهاک کارونه شوی دی۔ تیر شوی کال په دے ضلعو کښے شوی دی چه کوم په دیکښے Mentioned دی۔د دے نه پس به انشاء الله په نورو ضلعو کښے اوشی نو دے له څه داسے سیاسی رنګ نه دی ورکول پکار۔ ډیویلپمنټل کارونه چه هر ځائے کښے کیږی، د صوبے یو حصه ده نو دا به اسرار خان ته زۀ ګزارش اوکړم چه په دے باندے که ووټنګ اونه شی نو ښه به وی۔ مهربانی اوکړئ چه دا-----

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر!

<u>جناب سپیکر</u>: اسرار اللہ خان۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر میں اس سے مطمئن اس وجہ سے نہیں ہوں کیونکہ جہاں تک میری معلومات ہیں، اس میں نیا کام جاری ہے۔ ابھی سر، آپ دیکھیں کہ دو اضلاع میں، میں نام نہیں لینا چاہتا تھا کہ دل آزاری نہ ہو کیونکہ سر پانچ سو ملین سے زیادہ کی رقم ایک ضلع میں، پھر اس سے بھی زیادہ دوسرے ضلع میں لیکن آپ سدرن ڈسٹرکٹس میں دیکھیں تو آپ کے سات اضلاع ہیں مگر صرف کوہاٹ میں کوئی ایک سکیم انہوں نے ڈالی ہے۔ سر، اگر یہ کریش پروگرام ہے، مجھے تو یہ کرش پروگرام دکھائی دے رہا ہے کیونکہ بعض اضلاع کو کرش کیا گیا ہے اور باقیوں کے مزے ہو رہے ہیں تو میری سر، اس میں یہ گزارش ہے کہ اگر واقعی گورنمنٹ سنجیدہ ہے تو یہ وہاں پہ Thrash out ہو جائے کہ

کے نام پر اگر آپ نیا اے ڈی پی اس میں بنا رہے ہیں تو گورنمنٹ کے پاس استحقاق Rehabilitation ہے کہ ایک خصوصی پروگرام شروع کرلے۔ اسمبلی ایک چیز پاس کر رہی ہے Rehabilitation کے نام پہ اور وہاں پر یہ ہو کہ نیو سکیم ہو تو سر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی زیادتی ہے-----

<u>جناب سپیکر:</u> ابھی آپ کیا چاہتے ہیں؟

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر، میں چاہتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کو ریفر کر دیں سر۔

<u>Mr. Speaker:</u> Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

<u>Voices</u>: Yes.

<u>Mr. Speaker</u>: Those who are against it may say 'No'.

<u>Voices</u>: No.

<u>Mr. Speaker</u>: Those who are in favour of it may stand up before their seats, please. Count down, please.

(Counting was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: Only ten. Now those who are against it may stand up please.

(Counting was carried)

(The motion was defeated)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Noes' have it. The motion is dropped. Syed Jaffar Shah, Question No. 903 ji.

* 903 _ <u>جناب جعفر شاہ:</u> کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ باغ ڈھیری تا مدین روڈ 10-2009 کے اے ڈی پی میں شامل ہے اور اس کی تعمیر کیلئے رقم مختص کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سڑک پر تاحال کام کیوں شروع نہیں کیا گیا ہے؛

(ii) مذکورہ سڑک پر کام کب شروع کیا جائے گا، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) مذکورہ سڑک کیلئے 10-2009 میں 83.444 ملین روپے منظور ہوئے تھے جس میں 6 کلومیٹر سڑک اور ایک عدد پل کی تعمیر شامل تھی۔ 6 کلومیٹر روڈ 10-2009 میں مکمل ہو چکا ہے جبکہ پل کی تعمیر باقی ہے جس پر تخمینہ لاگت 68.428 ملین روپے ہے۔ چونکہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے تعمیر شدہ

1.5 کلومیٹر سڑک دریا برد ہو گئی ہے جس کو (Flood Damage Rehabilitation PC-I) میں شامل کیا گیا ہے اور فنڈ کی دستیابی پر دوبارہ کام شروع کیا جائے گا۔

(ii) اس کا تفصیلی جواب جز (ب) کے سب جز (i) میں موجود ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?
Mr. Jaffar Shah: No Sir, satisfied.
Mr. Speaker: Thank you. Mufti Syed Janan Sahib, not present.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی سوال نمبر پڑھیں جی۔ حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: کوسچن نمبر 922۔

جناب سپیکر: جی۔

* 922 _ مفتی سید جانان (سوال حاجی قلندر خان لودھی نے پیش کیا): کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں چھوٹی سڑکوں کی مرمت کیلئے سالانہ رقم مختص کی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 09-2008 کے دوران ضلع ہنگو کی کن سڑکوں کی مرمت پر کتنی رقم خرچ کی گئی ہے اور کن بنیادوں پر خرچ کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع ہنگو کی سڑکوں پر -/24,65,271 روپے ضلع ناظم کی منظوری کے مطابق خرچ کئے گئے، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

Name of Work: - AOM&R/Special repair to all Govt: Matteled Roads in District Hangu 2009-10:

S. No	Name of work	Amount in Rs.
01	Repair of Tora Wari Road	Rs. 549342/-
02	Repair of Karbogha Sharif Road	Rs. 344299/-
03	Repair of Shahu Khel Road	Rs. 548128/-
04	Repair of Shira Wari Road	Rs. 290248/-
05	Repair of Sarmalow Kandow Road	Rs. 337600/-
06	Repair of Dallan Road	Rs.198556/-
07	Repair of Dallan Markaz Road	Rs. 197098/-
Total		Rs. 24,65,271/-

Mr. Speaker: Any supplementary?

حاجی قلندر خان لودھی: سر، یہ ہے کہ آپ کے توسط سے میں یہ ضمنی سوال پیش کرنا چاہتا تھا لیکن اب تو اچھی بات ہے کہ چیف منسٹر صاحب بھی آ گئے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ ایم اینڈ آر کا فنڈ جو ہوتا ہے، یہ چھوٹی موٹی Repair کیلئے ہوتا ہے اور سر، اس میں یہ ہوتا ہے کہ اس سے پہلے ایک Provision رکھی ہوئی تھی، اب بھی ہے کہ روڈوں پر کچھ بندے ہوتے تھے، ہم ان کو قلی کہتے ہیں، وہ لوگ ہوتے تھے، اس پر کلاس فور ٹائپ کے لوگ Daily ہوتے تھے۔ اب یہ ایسا ہوتا ہے کہ جس آدمی کی بھی Death ہو جاتی ہے یا اس کی سروس پوری ہو جاتی ہے تو وہ سیٹ Abolish ہو جاتی ہے، وہ ختم ہو جاتی ہے۔ اب روڈوں پر تھوڑی سی نالی جدھر بنی ہوتی ہے، اسلئے وہ روڈز زیادہ خراب ہو جاتے ہیں۔ جب وہ لوگ موجود تھے تو چھوٹی چھوٹی Repair خود بھی کر لیتے تھے، تار کول لے لیتے تھے، محکمہ ان کو دے دیتا تھا، وہ تھوڑی سی بجری لیتے تھے، اس کھڈے میں ڈال دیتے تھے اور وہ پارٹ Repair ہو جاتا تھا تو اور پارٹس نہیں کھلتے تھے جی۔ اب تو جدھر ڈرین بند ہو گیا تو وہ بند ہو گیا، جدھر نالہ بند ہو گیا، وہ بند ہو گیا تو یہ چھوٹی سی بات پر اس صوبے کو کتنی بچت ہو گی، آیا گورنمنٹ اس پر نظر ثانی کرنا پسند کرے گی؟

جناب سپیکر: نہیں، آپ قلی بحال کرنا چاہتے ہیں یا ایم اینڈ آر بحال کرنا چاہتے ہیں؟

حاجی قلندر خان لودھی: ایم اینڈ آر تو بحال ہے جی، قلی ہونگے تو یہ Effective ہو گا جی، Major کام کا تو ٹینڈر ہو گا مگر پھر اس کے بعد یہ چھوٹی چھوٹی Repairs جو ہیں، ہمارے پاس وہ Locally ہوتی تھیں تو وہ کر لیتے تھے، اس سے پورے صوبے کو بڑا نقصان ہو گیا ہے۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Law, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): ایسا ہے جی کہ ہم سے پہلے گورنمنٹ میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ قلیوں کے کیڈر کو Dying cadre declare دے دیا تھا کہ جو لوگ ریٹائر ہو جاتے ہیں تو اس کے بعد وہ پوسٹ ختم ہو جاتی ہے۔ بہر حال اس کے اوپر اس ہاؤس میں پہلے بھی کافی کوسچنز آ چکے ہیں اور پھر وہ کمیٹیز میں چلے گئے ہیں And I believe کہ ہمارے پرویز خان ہیں جن کا تعلق نوشہرہ سے ہے، ان کی ایک رپورٹ بھی ہے جس کے اوپر ڈیپارٹمنٹ سوچ رہا ہے، اس کو دوبارہ Revive کرنے کے متعلق Recommendations اور اپنی سفارشات تیار کر کے وزیر اعلیٰ صاحب کو ہم دینگے تو یہ اچھی Suggestion ہے اور انشاء اللہ اس کے اوپر ڈیپارٹمنٹ وہ کریگا جی۔

Mr. Speaker: Thank you ji. Dr. Zakirullah Khan Sahib, not present. Mohtarama Mehar Sultana Bibi, Question No?

محترمہ مہر سلطانہ: سوال نمبر 683۔

Mr. Speaker: 683, any supplementary?

محترمہ مہر سلطانہ: یس سر۔ سر، اس میں میرے تمام سوالوں کے جوابات انہوں نے "جی ہاں" میں دیئے ہوئے ہیں۔ سر، میں صرف یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کافی عرصہ پہلے میں نے یہ کوئسچن جمع کیا تھا اور جو دو بزرگ حضرات میرے پاس آئے تھے، ان کے کہنے پہ میں نے یہ سوال جمع کیا تھا اور سر، ان میں ایک کی Death بھی ہو چکی ہے۔ سر، میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کب تک اس پل کی تعمیر ہو گی تاکہ ان لوگوں کو کچھ سہولت فراہم کی جا سکے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: دیکښے سر گزارش دا دے چه په بنوں کښے بم بلاسټ شوے دے، بشیر خان او میاں صاحب هلته تلی دی، د هغوی ډیپارټمنټ دے او ما ته دا انسټرکشنز دی، که دا پینډنګ شو نو بیا به پرے-----

Mr. Speaker: Should we keep it pending?

وزیر قانون: او جی، دا به مهربانی وی جی۔

جناب سپیکر: لوکل گورنمنٹ کے کوئسچنز کو پینڈنگ کرتے ہیں۔

(نوٹ): سوالات نمبر 683، 687 اور 695 پینڈنگ کر دیئے گئے۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان، سوال نمبر؟

جناب عبدالاکبر خان: سوال نمبر 707۔

جناب سپیکر: جی۔

* 707 _ جناب عبدالاکبر خان: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں ایک یونیورسٹی کا قیام عمل لایا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ یونیورسٹی میں مختلف کیڈر میں مختلف گریڈز کی آسامیوں پر تقرریاں کی گئی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو آیا مذکورہ تقرریوں کیلئے قانونی طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز امیدواروں اور بھرتی شدہ افراد کی تفصیل بمعہ نام، ولدیت اور پتہ بھی فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) تمام تقرریوں کیلئے مروجہ قانونی طریقہ اختیار کیا گیا جس کی مختصر تشریح درج ذیل ہے:

(i) گریڈ 17 اور اوپر کی آسامیوں پر تقرری کیلئے یونیورسٹیوں میں مروجہ قانونی طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے جس کے مطابق تمام آسامیوں کو قومی اخبارات روزنامہ 'ایکسپریس' روزنامہ 'آج' اور 'دی نیوز' میں باقاعدہ مشتہر کر کے درخواستیں طلب کی گئیں اور تمام آسامیوں کیلئے اہل تمام امیدواروں سے این ٹی ایس طرز پر ٹیسٹ لیا گیا۔ اس مقصد کیلئے سات امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے جن پر ڈیوٹی کے فرائض یونیورسٹی کے سینیئر پروفیسرز صاحبان نے سرانجام دیئے جبکہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان علی، رجسٹرار پروفیسر شیر علی خان، ڈین آف سائنسز پروفیسر ڈاکٹر سعید انور اور پروفیسر ڈاکٹر عنایت علی شاہ نے تمام امتحانی مراکز کا وقتاً فوقتاً معائنہ بھی کیا۔ ٹیسٹ میں کامیاب امیدواروں سے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی کے سامنے ڈیمانسٹریشن لی گئی، اس کمیٹی میں ڈین آف سائنسز، رجسٹرار، متعلقہ شعبہ کے چیئرمین صاحبان اور ممتاز ماہر مضامین شامل تھے۔ ڈیمانسٹریشن کے بعد تمام کامیاب امیدوار انٹرویو کیلئے سلیکشن بورڈ کے سامنے پیش ہوئے۔ سلیکشن بورڈ پروفیسر احسان علی، وائس چانسلر عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، گورنر سرحد نامزد کردہ ممبر پروفیسر اجمل خان، وائس چانسلر اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور، پروفیسر ڈاکٹر سعید انور ڈین آف سائنسز عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، بریگیڈیئر (ر) منظور بنگش، ممبر پبلک سروس کمیشن صوبہ سرحد، عزیز خان سابقہ آئی جی پولیس اور متعلقہ شعبوں کے چیئرمینز اور ممتاز ماہرین مضامین پر مشتمل تھا۔ اس سلیکشن بورڈ کے کامیاب ہونے والے امیدواروں کی منظوری یونیورسٹی سنڈیکیٹ نے دی جس کے اس وقت سربراہ صوبائی وزیر ہائیر ایجوکیشن محترم قاضی اسد صاحب ہیں جبکہ اس کے ممبران میں سپیکر سرحد اسمبلی کے نامزد کردہ ممبر صوبائی اسمبلی جناب غنی داد خان کے علاوہ وائس چانسلر عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن عطاء الرحمان لودھی، سابقہ آئی جی پی سندھ عزیز خان، رجسٹرار عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، ڈین آف سائنسز عبدالولی خان یونیورسٹی مردان سائرہ خان ہوتی، گورنر سرحد کی نامزد کردہ ممبر محترمہ شہناز مسعود، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج فار گرلز مردان اور نصیر آفریدی شامل ہیں۔ اس یونیورسٹی سنڈیکیٹ کی سفارشات کی حتمی منظوری یونیورسٹی کے سینٹ نے دی جس کے سربراہ محترم گورنر اویس احمد غنی صاحب ہیں اور اس کے ممبران میں پروفیسر ڈاکٹر احسان علی،

وائس چانسلر عبدالولی خان یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر محمد آمین سابقہ ڈائریکٹر کالجز صوبہ سرحد، حمایت اللہ مایار ڈسٹرکٹ ناظم مردان، ڈاکٹر حمایت اللہ چیئرمین بی آئی ایس ای ایبٹ آباد، پروفیسر میاں شیرین سابقہ پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نوشہرہ، ڈاکٹر ناصر علی خان ڈائریکٹر آئی ایم ایس حیات آباد پشاور، ڈاکٹر ناصر جمال خٹک چیئرمین انگلش ڈیپارٹمنٹ یونیورسٹی آف پشاور، پروفیسر ڈاکٹر ریاض حسین ایڈوائزر ہائرایجوکیشن کمیشن اسلام آباد شامل ہیں۔ یونیورسٹی سینٹ سے باقاعدہ منظوری کے بعد کامیاب امیدواروں کو تقرر نامے جاری کر دیئے گئے۔ امیدواروں کی تفصیل اور بھرتی کئے گئے افراد کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) عبدالولی خان یونیورسٹی میں درجہ چہارم کی ملازمت کیلئے تمام امیدواروں کی فہرستیں ارسال کی گئی ہیں جن کی کاپیاں فراہم کی گئیں۔ اس کے علاوہ درجہ چہارم کے بھرتی شدہ ملازمین کی فہرستیں بھی فراہم کی گئیں جبکہ مستقل بنیاد پر یہ آسامیاں پر کرنے کیلئے اخبار میں مشتہر کر دی گئی تھیں، اشتہار کی کاپیاں فراہم کی گئیں۔ مزید یہ کہ عبدالولی خان یونیورسٹی کی انتظامیہ کے مطابق کلاس فور اور لیب اٹنڈنٹ کی حالیہ بھرتیاں یونیورسٹی ایکٹ 2009 کے سیکشن 54 کے تحت مروجہ قواعد وضوابط کے تحت عمل میں لائی گئی ہیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب عبدالاکبر خان: جی بس، میں کیا کروں جی، کئی دفعہ تو یہ سوال آیا ہے اور یہ کمیٹی کو بھی ریفر ہوا ہے لیکن ہائرایجوکیشن کمیٹی کے جو چیئرمین ہیں، کئی دفعہ یہاں پر ہم اٹھے ہیں اور آپ سے ریکویسٹ کی ہے مگر وہ میٹنگ کال نہیں کرتے جناب سپیکر، یہ کیا ہو رہا ہے کہ ادھر سے آپ ڈائریکشنز دے دیتے ہیں، آپ بات کر لیتے ہیں اور پھر وہ میٹنگ کال نہیں ہوتی؟ اس میں تو سر، میرا ایک سپلیمنٹری ہے کہ یہ جو سینکڑوں اپوائنٹمنٹس عبدالولی خان یونیورسٹی میں ہوئی ہیں، کیا یہ قانون کے مطابق ہوئی ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ "جی ہاں"۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ یہ میرے پاس عبدالولی خان یونیورسٹی کا ایکٹ پڑا ہوا ہے اور اس کے سیکشن 11 کے سب سیکشن (5) کی جو کلاز (iv) ہے، اس میں یہ لکھا ہے کہ:

"make appointments of such categories of employees of the University in such manner"-----

جناب سپیکر: قاضی صاحب! آپ نے جواب دینا ہے، یہ ایکٹ آپ کے پاس نہیں ہے؟ پڑھ لیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ان کو پتہ ہوگا جی، "as may be prescribed by the statutes with consent and approval of the Government". میرا صرف سپلیمنٹری یہ ہے کہ یہ جو سینکڑوں اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں، کیا یہ پروانشل گورنمنٹ کی Consent اور ان کی Approval سے ہوئی ہیں؟

جناب سپیکر: جی آنریبل قاضی صاحب، حاجی قاضی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تھینک یو، سر۔ سر، عبدالاکبر خان صاحب نے جو سوال کیا ہے، میرے خیال میں ہم نے اس کا جواب اس ایکٹ میں ٹھیک دے دیا ہے۔ عبدالولی خان یونیورسٹی ایکٹ کے سیکشن 54 کے تحت Interim period میں کہ جب تک عبدالولی خان یونیوسٹی کے Statutes اور Bylaws نہیں بنتے تو اس دوران وہ پشاور یونیورسٹی کے Statutes اور Bylaws کے مطابق اپنے کام کو چلانے کیلئے کارروائی کرینگے اور باقی جو بھرتیاں ہیں سر، اس کیلئے اپنا سلیکشن بورڈ ہے، اس سلیکشن بورڈ کے بعد پھر سنڈیکیٹ، سنڈیکیٹ کے بعد پھر ان کی سینٹ، تو انہوں نے اپنا کام کر دیا اور مجھے اس میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی کہ جس میں ہم اس کو آگے اور زیادہ Probe کریں تو سپیکر صاحب، ہمیں-----

جناب سپیکر: تھوڑا سا حصہ ان کو بھی دیا کریں نا تاکہ-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بالکل سر، میں-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! انہوں نے عبدالولی خان یونیورسٹی ایکٹ کے سیکشن 54 کا حوالہ دیا ہے تو جناب سپیکر، Statutes اور رولز تو ایکٹ کے Under ہوتے ہیں، وہ تو کہتا ہے کہ جب تک ان کے Statutes اور رولز نہیں بن جاتے تو وہ وہی رولز اور Statutes کو Follow کرینگے جو پشاور یونیورسٹی کے ہیں تو رولز اور Statutes تو ایکٹ کے Under ہوتے ہیں، میں تو Main Act کی بات کر رہا ہوں کہ Main Act کے تحت وہاں پر جو بھی اپوائنٹمنٹس ہونگی، That will be with the consent and approval of the Government، دو چیزیں ہیں، کیا پروانشل گورنمنٹ نے Consent اور Approval دی ہے یا نہیں، بس مجھے صرف اس کا جواب دے دیں؟

جناب سپیکر: آنریبل قاضی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس طرح ہے کہ سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ کیا اور کیس کا ٹائیٹل تھا 'Collector of Sales Tax versus Messer Megatech (Pvt) Limited,

’2005اور اس میں سر یہ اگر آپ اجازت دیں تو میں پڑھ لوں، بنیادی طور پر وہ یہ چاہتا ہے سر، سپریم کورٹ کا فیصلہ کہ، میں پڑھ لیتا ہوں سر، اگر آپ اجازت دے دیں؟

جناب سپیکر: تھوڑا ساBriefاس میں سے لیں لے، اگر لمبا چوڑا ہے تو۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، تھوڑا سا، تین چار لائنیں ہیں جی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میرا تو بہت صاف اور آسان سا سپلیمنٹری ہے کہ کیا یہ اپوائنٹمنٹس۔

(قطع کلامی)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ مجھے اجازت دے دیں پھر میں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ کورٹ کے فیصلے کیوں Quote کرتے ہیں، میں تو سپلیمنٹری کر رہا ہوں کہ کیا یہ ایکٹ کے مطابق پراونشل گورنمنٹ کی Consent اور Approval سے ہوئی ہیں، کیا قاضی صاحب کے ڈیپارٹمنٹ نے ان اپوائنٹمنٹس کی Consent اور Approval دی ہے یا نہیں بس؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں اس کا جواب دیتا ہوں نا، اگر آپ اجازت دیں تو میں یہ پڑھ لوں، میں پڑھ لوں سر، تو جس طرح یہ کہتے ہیں کر لیں گے، آنریبل ممبر کو انشاء اللہ ہم مطمئن کرینگے۔

جناب سپیکر: ایسی چیز نہ کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی بالکل سر، اگر آپ اجازت دیں تو میں پڑھ لوں سر؟

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس فیصلے کا آخری حصہ میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔ Every word used by the legislature must be given its true meaning and the provisions construed together in a harmonious manner. It would not be legal and proper to apply one provision of law in isolation from the other provisions as no surplus sieges or redundancies can be attributed to the legislative organs of the State سر، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک طرف آپ وائس چانسلر کو سیکشن 54 کے تحت کام چلانے کی اجازت دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، میرا قانون بنا نہیں ہے اور اس کے پاس سینٹ ہے، اس کے باقی سارے سلسلے اپنے جو تمام فورمز ہیں تو وہاں سے، باقی جس جس لیول کی بھرتی اس نے کرنا تھی، اس کی اس فورم سے Approval لی ہے۔ میں ایم پی اے صاحب سے گزارش کرتا ہوں، مہربانی کر کے اس پر ہمیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں تو ایکٹ کی بات کرتا ہوں۔ سیکشن 54 تو کہتا ہے کہ وہ Statutesاور رولز، اسی رولز پر چلولیں گے جو پشاور یونیورسٹی کا ہے۔ میں تو ایکٹ کی بات کر رہا ہوں، میں نے تو ایکٹ بھی کلیئر کیا ہے کہ پراونشل گورنمنٹ کی Consentاور Approval سے ہو گی تو کیا پراونشل گورنمنٹ نے Consent اور Approval دی ہے، بس میرا یہی سپلیمنٹری ہے اور منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں؟

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب سے Consent لیتے ہیں، اے جی تو نہیں ہے، اے جی صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: اس طرح ہے جی کہ یونیوسٹی تو Autonomies body ہے اور اپنے رولز ریگولیشن کے مطابق، اپنے سنڈیکیٹ کے جو ان کے فیصلے ہوتے ہیں، ان کے مطابق چلے گی تو I have my doubts کہ اس میں پراونشل گورنمنٹ کی ضرورت ہو گی یا نہیں ہو گی؟

جناب عبدالاکبر خان: سپیکر صاحب! اگر دوسری یونیورسٹی کے ایکٹ میں یہ بات نہیں ہے تو میں اس کی بات نہیں کرتا۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ یہ جو یونیورسٹی کے ایکٹ میں ڈالا گیا ہے اور سارے ہاؤس نے اس کو Approve کیا ہے، جو ایکٹ کا حصہ ہے، اگر اس پر عملدرآمد نہیں ہوتا تو کیا یہ قانون کی خلاف ورزی نہیں ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ کیا چاہتے ہیں، اگر یہ مجھے وہ بات بتادیں تو پھر میں اس کو وہ جواب دونگا؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں چاہتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں اور خدا کیلئے ہائر ایجوکیشن کے جو چیئرمین ہیں یا تو کسی اور کو لگا دیں یا اگر وہ ہیں تو ایک ٹائم فریم ہمیں دے دیں کہ دس دس مہینے سے ہماری جو موشنز پڑی ہوئی ہیں اور وہ نہیں لی جا رہیں تو میری درخواست ہو گی منسٹر صاحب سے کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب! کمیٹی میں جانے کو Allow کر رہے ہیں کہ نہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، اگر یہ عبدالاکبر خان صاحب چاہتے ہیں، میں ان کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں، وائس چانسلر کو بلاتا ہوں، آپ وہ کمیٹی بنائیں جو تین دن میں فیصلہ کرے، ان کی مرضی یہ ہے کہ یہ لیٹ نہ ہو تو اگر یہ میرے ساتھ بیٹھتے ہیں تو میں وائس چانسلر صاحب کو کل ہی بلا لیتا

ہوں، Monday کو بلا لیتے ہیں اور بہتر یہ ہو گا میرے خیال میں کہ ہم آسانی سے بیٹھ کر اس مسئلے کا حل نکال لیں گے، آپ کے چیمبر میں بیٹھ جائینگے سر۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، چونکہ Already اس قسم کا ایک کوئسچن کمیٹی کو ریفر ہو چکا ہے تو میری درخواست ہو گی کہ جو کمیٹی ہے، اس کی میٹنگ کیلئے آپ کل یا پرسوں ترسوں کی Date فکس کر لیں اور اگر چیئرمین صاحب نہیں ہیں تو کوئی دوسرا ممبر اس کو Preside کرے تاکہ جو Matters ہیں، یہ اس میں چلے جائیں۔

وزیر قانون: زۀ بہ ریکویسٹ دوئ تہ او کړم۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ایسی بات ہے ناکہ کل بھی اسی طرح میٹنگز بلائی گئی تھیں، اس میں آپ لوگ آتے نہیں، اس کی کئی میٹنگز میں نے بلائی تھیں مگر اس میں بھی آپ کی Attendance بہت Thin ہوتی ہے تو یہ کمیٹیوں کو آپ خود ہی وہ کرتے ہیں، اسی وجہ سے شاید چیئرمین میں بھی وہ ہوتے ہیں، Any how ابھی قاضی صاحب! آپ ان کے ساتھ، عبدالاکبر خان! ایسا ٹھیک ہو گا، چیمبر میں ان کو بلائیں اور آپس میں بیٹھ کر آپ فیصلہ کر لیں۔ تھینک یو۔ سید قلب حسن، سوال نمبر؟

جناب قلب حسن: 785۔

جناب سپیکر: جی۔

* 785 _ سید قلب حسن: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں پوسٹ گریجویٹ کالج برائے طلباء قائم ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ کالج کب قائم ہوا اور اس وقت طلباء اور لیکچررز کی تعداد کیا تھی؛

(ii) سال 2009ء میں طلباء اور لیکچررز کی تعداد بتائی جائے؛

(iii) آیا حکومت طلباء کی نشستیں اور لیکچررز کی تعداد بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے، نیز اب تک محکمہ نے اس ضمن میں کیا اقدامات اٹھائے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) مذکورہ کالج 1955 میں قائم ہوا جس میں اس وقت طلباء اور لیکچررز کی تعداد درج ذیل تھی:

طلباء کی تعداد: 80

لیکچررز کی تعداد: 15

(ii) سال 2009ء میں کالج ہذا میں طلباء اور لیکچررز کی تعداد درج ذیل ہے:

طلباء کی تعداد: 1890

لیکچررز کی تعداد: 56

(iii) اس ضمن میں عرض ہے کہ کالجز میں لیکچررز کی تعداد طلباء کی تعداد کے مطابق بڑھائی جاتی ہے اور محکمہ اعلیٰ تعلیم متعلقہ پرنسپل کی سفارش پر کالجز میں موجود وسائل و سہولیات کے پیش نظر طلباء کی نشستوں میں اضافہ کرتا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: یس سر۔ اس میں ایک ہی ضمنی کوسچین ہے کہ سٹوڈنٹس کی جو تعداد ہے، وہ 1890 ہے اور لیکچررز کی تعداد 56 ہے۔ میرا ضمنی کوسچین یہ ہے کہ کیا حکومت کا کوئی ارادہ ہے کہ لیکچررز کی تعداد کو بڑھایا جائے۔

جناب سپیکر: جی قاضی اسد صاحب! آنریبل منسٹر فار ہائر ایجوکیشن۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر آپ ہمارا جواب پڑھیں تو پہلے جب اس میں سٹوڈنٹس کی Strength 80 تھی تو وہاں پر 15 لیکچررز تھے، اب 2009 کا ہم نے ان کو جواب دیا ہے کہ 1890 سٹوڈنٹس ہیں اور اس میں ہمارے پاس 56 پڑھانے والے فیکلٹی ممبرز ہیں۔ سر، Ideally تو یہ ہے کہ دس پندرہ بچے ہوں، جیسا کہ ہمارا ایک فارمولا ہے کہ سکول میں چالیس بچوں کیلئے ایک ٹیچر ہونا چاہیئے تو اس حساب سے تو میرے خیال میں یہ ٹھیک ہے۔ نظام ہم چلا رہے ہیں، اگر پرنسپل Feel کریں کہ ان کے پاس ٹیچرز کی تعداد کم ہے تو ہمارے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں پورے صوبے میں، پھر ہمارے پاس دو تین طریقے ہوتے ہیں۔ سر، آپ کو پتہ ہے کہ ایک تو ہم نے Adopt کیا ہے، ابھی ابھی جو لیکچررز بھرتی کئے ہیں، ان کا بھی ایک پورا پراسس ہے کیونکہ سر، یہ ہے کہ گریڈ 17 ہے، اگر کوئی عام گریڈ ہوتا تو پھر اس میں ہم آسان طریقہ اختیار کرتے، اسلئے پبلک سروس کمیشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا مطلب ہے کہ Requirement ہو تو وہ پورا کر دینگے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہم کر سکتے ہیں سر، اگر ہو تو یہ پوائنٹ آؤٹ کر دیں، انہوں نے چونکہ سوال پوچھا ہے تو میرے خیال میں تعداد۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو جی۔ Again قلب حسن، سوال نمبر؟

سید قلب حسن: سوال نمبر 786 سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 786 _ سید قلب حسن: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پوسٹ گریجویٹ کالج کوہاٹ میں طلباء کلاس رومز میں فرنیچر نہ ہونے کی وجہ سے زمین پر بیٹھتے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اے ڈی پی میں محکمہ تعلیم کیلئے سب سے زیادہ فنڈز مختص کرنے کے باوجود مذکورہ کالج میں فرنیچر نہ ہونے کی وجوہات بتائی جائیں، نیز حکومت اس بارے میں کیا قدامات کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) یہ درست نہیں ہے، مذکورہ کالج میں فرنیچر وافر مقدار میں موجود ہے۔

(ب) محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں کالج ہذا کو فرنیچر کی مد میں تقریباً دو لاکھ روپے سال 2006-07 میں اور دو لاکھ روپے سال 2008-09 میں دیئے ہیں اور ہائر ایجوکیشن ہر سال فرنیچر کی خریداری کیلئے کالجوں پر کافی رقم خرچ کر رہا ہے، چنانچہ فرنیچر کی عدم موجودگی کی وجہ سے طلباء کا زمین پر بیٹھنے والی بات درست نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Any supplementary، سپلیمنٹری په دیکښے شته؟

سید قلب حسن: یس سر۔ سر، انہوں نے لکھا ہے کہ مذکورہ کالج میں فرنیچر کافی مقدار میں ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ انہوں نے دو سالوں میں دو دو لاکھ روپے کی گرانٹ دی ہے فرنیچر کیلئے۔ میری بس صرف اس کوسچن میں یہ ریکویسٹ ہے منسٹر صاحب سے کہ یہ گرانٹ جو فرنیچر کیلئے ہے، چونکہ تقریباً دو ہزار سٹوڈنٹس ہیں اور وہاں پر فرنیچر کی کافی کمی ہے تو میری یہ ریکویسٹ ہے کہ اس میں کچھ اضافہ کریں۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Higher Education, please.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، بالکل میرے آنریبل ممبر نے جو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے، اگر اس کے باوجود کمی ہے تو اس کمی کو دور کرینگے اور ادھر انشاء اللہ تعالیٰ فنڈز مہیا کرینگے تاکہ فرنیچر کی کمی کو پورا کیا جا سکے لیکن یہ زمین پر بیٹھنے کی جو بات کی گئی ہے، وہ غلط ہے۔

Mr. Speaker: Thank you. Again Qalb-e-Hassan Sahib, Q. No?

سید قلب حسن: سوال نمبر 787 سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 787 ۔ **سید قلب حسن:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں یونیورسٹیاں قائم ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ خیبر پختونخوا میں کل کتنی یونیورسٹیاں قائم ہیں؛

(ii) صوبائی حکومت مذکورہ یونیورسٹیوں کو سالانہ کتنی گرانٹ دیتی ہے، نیز دو سال کے اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) کوہاٹ یونیورسٹی کو پچھلے دو سالوں میں کتنی گرانٹ دی گئی ہے، اگر نہیں تو وجہ بتائی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) صوبہ خیبر پختونخوا میں قائم پبلک و پرائیویٹ سیکٹر یونیورسٹیوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

Public Sector Universities in Khyber Pakhtunkhwa

S. No	Name of University
01	University of Peshawar
02	University of Engineering & Technology Peshawar
03	Gomal University Dera Ismail Khan
04	Hazara University Dhodial Mansehra
05	University of Science & Technology Kohat
06	University of Malakand Chakdara Dir Lower
07	University of Science & Technology Bannu
08	Islamia College Peshawar
09	Frontier Women University Peshawar
10	Abdul Wali Khan University Mardan
11	Shaheed Benazir Bhutto University Sheringal
12	Agriculture University Peshawar
13	Khyber Medical University Peshawar
14	Institute of Management Sciences Hayatabad Peshawar

Private Sector Universities in Khyber Pakhtunkhwa

S. No	Name of University
01	Qurtaba University of Science & IT Peshawar
02	CECOS University Hayatabad Peshawar
03	Preston University of Science & Technology Kohat
04	City University Dalazak Road Peshawar

05	Sarhad University Of Science & IT Peshawar
06	Ghandara University Peshawar
07	Northern University Nowshera
08	Abasyn University Ring road Peshawar
09	IQRA University Old Jamrud Road University Town Peshawar

(ii) صوبائی حکومت کی طرف سے یونیورسٹیوں کو کوئی باقاعدہ مالی معاونت نہیں کی جاتی اور ایسا گا ہے بگاہے گرانٹ کی شکل میں ہی ہوتا ہے۔ یونیورسٹیوں کو پچھلے دو سالوں میں فراہم کی گئی گرانٹ کی تفصیل حسب ذیل ہے:

نمبر شمار	جامعات	رقم	مقصد	سال
01	پشاور یونیورسٹی	19,50,000/-	کمپیوٹر لیبارٹری، جناح کالج برائے خواتین	2008-09
02	پشاور یونیورسٹی	62,50,000/-	اساتذہ کی تنخواہیں اور 12 کمروں کی تعمیر	2007-08
03	آئی ایم سائنسز پشاور	6,70,00,000/-	گرانٹ	2008-09
04	عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	5,00,00,000/-	ملازمین کی تنخواہوں کیلئے	2009
05	ایضاً	2,40,00,000/-	بسوں کی خریداری کیلئے	2009

(iii) پچھلے دو سالوں میں کوہاٹ یونیورسٹی کو صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی گرانٹ مہیا نہیں کی گئی کیونکہ یونیورسٹیوں کی تمام تر مالی معاونت و ادائیگیاں ہائر ایجوکیشن اسلام آباد سے ہوتی ہیں اور صوبائی حکومت کبھی کبھار حسب ضرورت ہی کوئی مالی معاونت فراہم کرتی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: یس سر۔ سر، اس میں اگر آپ دیکھیں تو یہ کوئی پانچ یونیورسٹیاں ہیں اور سب کیلئے صوبائی حکومت نے مختلف رقوم کی شکل میں گرانٹس دی ہیں۔ سر، میری اس میں ایک ریکویسٹ ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی جنوبی اضلاع کی واحد بڑی یونیورسٹی ہے اور ابھی تک ہماری صوبائی حکومت نے اس کو کوئی بھی گرانٹ کسی بھی شکل میں نہیں دی ہے۔ چیف منسٹر صاحب یہاں پر موجود ہیں تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ وہاں کیلئے جب گرانٹ نہیں ہوتی تو وہ یونیورسٹی والے سارا بوجھ طلباء پر ڈالتے ہیں، ان کی فیسوں اور داخلوں پر وہ لگا لیتے ہیں، ان کی فیسیں کافی زیادہ ہیں، جتنی بھی یونیورسٹیاں ہیں، ان کے مقابلے میں وہاں کی فیسیں اور ایڈمشن فیس بہت ہی زیادہ ہے، وہ لوگ Afford نہیں کر سکتے اور وہاں کے لوگ جو ہیں، سب جنوبی اضلاع اور پاڑاچنار سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں،Comparativelyاور یونیورسٹیوں سے آپ کے ریٹس زیادہ ہیں؟

سید قلب حسن: سر ریٹس بھی زیادہ ہیں، ایڈمشن فیس بھی زیادہ ہے-----

جناب سپیکر: ایڈمشن فیس زیادہ ہے؟

سید قلب حسن: اور حکومت کی طرف سے ابھی تک کوئی گرانٹ اس کیلئے نہیں ہے-----

جناب سپیکر: کوئی گرانٹ نہیں ہے؟

سید قلب حسن: اگر یہ گرانٹ حکومت کی طرف سے ہوگی تو اس یونیورسٹی-----

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, please.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سپیکر صاحب، بات یہ ہے کہ ہم نے جواب دیا ہے کہ ان یونیورسٹیز کو ہائر ایجوکیشن کمیشن فنڈنگ کرتا ہے لیکن جہاں پر ایسی کوئی ایمرجنسی ہو تو صوبائی حکومت سہارا دینے کیلئے گرانٹ کی شکل میں اپنی یونیورسٹیز کی مدد کر دیتی ہے۔ اب سر، یہ آئیڈیل ورلڈ میں تو ہونا چاہیئے کہ آپ تمام یونیورسٹیز کو، ہائر ایجوکیشن سمیت باقی ایجوکیشن کو آپ سپورٹ دیتے رہیں لیکن سر، میرے خیال میں یہOne million dollarکا ایک کوسچن ہے کہ ایجوکیشن کا بجٹ بڑھانا چاہیئے اور وہ یہی ہاؤس، یہ پورا پارلیمنٹ، پاکستان کے جتنے بھی ایسے فورمز ہیں، وہاں سے جب تک یہ فیصلہ نہیں ہوگا تو موجودہ حالت میں سر، کہاں تک ہم ان کو سپورٹ کرینگے؟ آپ کو صوبے کے حالات کا بھی پتہ ہے، جب تک آپ اس کو اپنی Priority نہیں بنائیں گے میرے خیال میں یہ Priority No. 1 کہ آپ کا ایک فکسڈ بجٹ تعلیم کیلئے مختص کر دیا جائے، جیسا کہ نیشنل ایجوکیشن پالیسی میں ہے لیکن سر، نیشنل ایجوکیشن پالیسی میں یہ ہے کہ آپ نے مثال کے طور پر اس کو اگلے تین سال میں سات فیصد تک لیکر جانا ہے، یعنی اس سال کی Commitment نہیں دی گئی نیشنل ایجوکیشن پالیسی میں، لہذا میں تو سمجھتا ہوں کہ ہماری صوبائی حکومت نے، خیبر پختونخوا نے تو پھر بھی بہت بڑی ہمت کی ہے کہ ہمارے جو حالات ہیں، جن حالات سے ہمارا صوبہ گزر رہا ہے، اس کے باوجود یہ کروڑوں روپے یونیورسٹیز کو دیئے گئے، اگر ہمارے پاس فنڈنگ موجود ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ اور بھی سپورٹ دے دیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، Devolution میں یہ ہائر ایجوکیشن ٹوٹل اس طرف نہیں آرہا ہے اس دفعہ؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہائر ایجوکیشن کے متعلق آپ کا بالکل بڑا Important question ہے جی، ہائر ایجوکیشن کے بہت سارے اور حصے آرہے ہیں لیکن ہائر ایجوکیشن کمیشن کے پاس اس کی جو Budgeting ہے اور فنانس کا حصہ ہے، فی الحال ان پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

جناب سپیکر: وہ ابھی نہیں آئے، ابھی رہتے ہیں۔ جی قلب حسن۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، میرے خیال میں ہم اپنی اسمبلی میں سب سے زیادہ بجٹ جو رکھتے ہیں، وہ ہیلتھ اور ایجوکیشن کیلئے رکھتے ہیں تو میری یہ ریکوسٹ ہے کہ Coming جو بجٹ ہے، اس میں تو نہیں ہے، پچھلے دو تین سالوں میں نہیں ہے تو میری ریکویسٹ ہے کہ کوئی سپیشل گرانٹ کوہاٹ یونیورسٹی کیلئے ہوتا کہ غریب طلباء کے اوپر اس کا بوجھ نہ ہو۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! اس کو Special consideration میں رکھیں، تھینک یو۔ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، سوال نمبر جی؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر۔ سوال نمبر 812۔

جناب سپیکر: جی۔

* 812 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 09-2008 میں مفتی محمود (مرحوم) لائبریری کیلئے چوکیدار اور نائب قاصد کی پوسٹیں منظور ہوئی تھیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتی کیلئے مروجہ طریقہ کار کے مطابق اخبارات میں اشتہار اور ٹیسٹ و انٹرویو بھی لیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو امیدواروں کے نام، اخبار کا اشتہار، ٹیسٹ و انٹرویو میں کامیاب / سلیکٹ شدہ افراد کے نام و پتہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) نائب قاصد اور چوکیدار کی آسامیوں پر بھرتی کیلئے مروجہ طریقہ کار کے مطابق متعلقہ دفتر روزگار سے موزوں امیدوار طلب کئے گئے جن کو محکمانہ سلیکشن کمیٹی نے انٹرویو کے بعد موزوں پاکر بھرتی کے احکامات صادر کئے۔

(ج) بھرتی شدہ افراد کے اپوائنٹمنٹ آرڈرز، جن میں ان کے تمام کوائف درج ہیں، ان کی کاپیاں، سلیکشن کمیٹی کی میٹنگ کی روداد اور دفتر روزگار ڈی آئی خان کی ارسال کردہ امیدواروں کی لسٹ فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر۔ اس میں سر میری قاضی صاحب سے یہ گزارش ہے کہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کمیشن جو ہوتا ہے، وہ تو اس کی Competency ہوتی ہے کہ ڈسٹرکٹ کے اندر جتنے بھی بے روزگار ہوں، انہوں نے یہ جو نائب قاصد بھرتی کئے ہیں، وہ تو Outside the district ہیں، مطلب ہے کہ کس طریقے سے انہوں نے یہ چیز Manage کر لی کہ مطلب ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, please.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ مثال کے طور پر ایک ڈسٹرکٹ کا آدمی دوسرے ڈسٹرکٹ میں جا کے رہ رہا ہے، Permanently ادھر چلا گیا ہے یا اس نے وہاں گھر کرایہ پہ لے لیا ہے اور وہ اپنے آپ کو وہاں پر رجسٹر کرا دیتا ہے اور اگر ایمپلائمنٹ ایکسچینج والے کسی ڈیپارٹمنٹ کو لسٹ بھیج دیتے ہیں اور اس میں اس رجسٹرڈ آدمی کا نام بھی ڈال کر بھیج دیتے ہیں تو اس وجہ سے یہ ہو گیا ہو گا۔ ویسے اگر یہ چاہیں تو میں ان کو بلا کے ان کے ساتھ، آنریبل ایم پی اے کے ساتھ بیٹھ کے اس مسئلے کا حل نکال سکتے ہیں۔

Mr. Speaker: Thank you. Again Israrullah Khan Gandapur Sahib, Question number?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ سوال Dispose of ہو گیا؟

جناب سپیکر: نہیں، وہ کہتے ہیں کہ آپ کے ساتھ بیٹھے گا اور آپ۔۔۔۔۔

